Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

حلال وحرام کے شعبے میں غیر مسلم کا ممکنہ کردار

پاکستان نیشنل ایکریڈیٹیشن کونسل (PNAC) کی جانب سے 7 ستمبر تا 9 ستمبر 2016 کو اسلام آباد میں حلال سرٹیفکیشن باڈیز کے لیے پاکستان حلال اسٹینڈرڈ PS4992: 2016 کی ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹریننگ کے دوران اسٹینڈرڈ کی شق 6.1.1 سامنے آئی، جس میں لکھا ہے کہ

The Halaal CB Shall be owned, managed and operated by Muslims.

یہ شق پڑھاتے ہوئے PNAC نے ٹریننگ میں موجود مفتیان کرام سے سوال کیا کہ چونکہ کل اگر PNAC کسی CB کو ایک ایسے ملک میں ایکریڈیٹیٹ کرنے جاتی ہے جہاں مسلمان CB کو حلال کے نظام وانصرام میں باامرِ مجبوری کسی غیر مسلم کو کوئی کردار دینا پڑے، تو اس کی شرعی حدود و قیود کیا ہیں؟ جن کو مدنظر رکھتے ہوئے PNAC انھیں کچھ گنجائش دے سکے۔

جس پر ہم نے وعدہ کیا کہ SANHA Pakistan اس حوالے سے جلدی اپنی شرعی تحقیق پیش کرے گا۔

پیشِ نظر تحریر SANHA Pakistan کے شعبہ شرعی تحقیق (Sharia Research Department) کے مفتیان کرام کی جانب سے متفقہ طور پر تیاری کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔

از:

مفتی یوسف عبدالرزاق

چیف ایگزیکٹیو

SANHA Halaal Associates Pakistan

Punjab Office: House# 248, Block A, PCSIR Housing Society, Phase 2, Lahore, Pakistan. Tel: +: +92 (0) 42 3531 1242 E-mail: lahore@sanha.org.pk
HALAL Helpline: E-mail: helpline@sanha.org.pk

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

حلال وحرام کے شعبے میں غیر مسلم کا ممکنہ کردار

حلال وحرام کے شعبے میں کسی غیر مسلم کو شرعاً کس حد تک کردار یا اختیار دینا جائز ہے؟

اس سوال کا جواب دینے سے پہلے تین بنیادی باتوں کا جاننا ضروری ہے:

1) مسئلہ حلال وحرام کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

شرعی اعتبار سے کسی چیز کی طہارت ونجاست یعنی پاکی ناپاکی (Valid external use for Muslims) یا حلت وحرمت یعنی مسئلہ حلال وحرام (Valid oral/internal use for Muslims) کا تعلق خالص حقوق اللہ سے ہے، شریعہ کے اس حصہ کو شرعی اصطلاح میں دینیات یا دیانات کہتے ہیں اور تمام علماء وفقہاء اسلام اس بات پر متفق ہیں کہ حلال وحرام کا تعلق بالاتفاق دینیات یا دیانات سے ہے، جس میں صرف اور صرف مسلمان ہی اہل ہے۔

2) حلال سرٹیفکیشن کی ضرورت اہمیت اور اس کی مختلف سرگرمیوں کا شرعی جائزہ:

واضح رہے کہ حلال وحرام کا تصور بنیادی طور پر قرآن وسنت یعنی اللہ ورسول کا حکم ہے جو مسلمانوں کی طرف متوجہ ہے، اور اس کے مطابق زندگی گزارنا ہر مسلمان کی اولین ذمہ داری ہے، عصر حاضر میں گلوبلائزیشن اور فوڈ انڈسٹری کی بے پناہ ترقی کی وجہ سے مسلمانوں نے اس بات کی ضرورت محسوس کی کہ شریعت کی بنیاد پر حلال سرٹیفکیشن کا ایک ایسا مضبوط ومربوط نظام قائم کیا جائے جو حلال وحرام کے مسئلہ میں مسلمان صارف کی دینی ضروریات پورا کر سکے۔

حلال سرٹیفکیشن کا وہ نظام کیا ہے؟

یہ نظام درجِ ذیل بنیادوں پر قائم ہے:

1. شعبہ اعلیٰ انتظامیہ (Top Management & Ownership)
2. شعبہ فیصلہ سازی یعنی حلال سرٹیفکیٹ کے جاری کرنے یا نہ کرنے کا شعبہ (Decision Making Committee)

3. حلال سرٹیفکیشن کی غیر جانبدار نگرانی کا شعبہ (Impartiality Committee)
4. شعبہ شرعی تحقیق وتصدیق (Sharia Department)
5. صارفین کی راہنمائی کا شعبہ (Consumer Department)
6. شعبہ فنی وسائنسی تحقیق (Technical Department)
7. شعبہ آڈٹ وانسپکشن (Audit Department)
8. شعبہ مالیات (Finance Department)
9. شعبہ ذیلی انتظامیہ (Administration)

3) حلال سرٹیفکیشن کی مختلف سرگرمیوں کی شرعی حیثیت:

مذکورہ بالا نظامِ حلال کے شعبہ جات میں حلال سرٹیفکیشن کی مختلف سرگرمیاں شرعی اعتبار سے درجِ ذیل ابواب سے متعلق ہیں:

1۔ خبر (ذیلی آٹھ قسمیں) 2۔ شہادت (دو قسمیں) 3۔ قضاء (دو قسمیں) 4۔ ولایت (چار قسمیں)
5۔ معاملات

جواب:

کسی غیر مسلم کو حلال سرٹیفکیشن میں انفرادی طور پر یا اداراتی سطح پر کوئی کردار دینا درحقیقت اسلام کے اس اہم حکم کے بارے میں خبر، شہادت، قضاء، ولایت اور معاملات میں کردار دینا ہے۔

ان میں سے پہلی چار چیزوں کا تعلق شریعہ کے خالص دینیات کے باب سے ہے، جن کے بارے میں پوری امتِ مسلمہ کا اجماع (Consensus) ہے کہ شریعہ کے اس حصے میں کوئی بھی غیر مسلم انفرادی طور پر یا اداراتی سطح پر اہلیت نہیں رکھتا۔

اس کے ساتھ ساتھ مذکورہ بالا نظامِ حلال کے تمام شعبہ جات میں سے کسی بھی شعبہ میں سربراہ اور خود مختار حیثیت رکھنے کا اہل نہیں، البتہ پانچویں چیز "معاملات" کے باب میں شریعتِ اسلامیہ نے انسانی ضرورت وحاجت کی وجہ سے غیر مسلم کے اقوال وافعال کی اجازت واہلیت (Eligibility) دی ہے۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

حلال سرٹیفکیشن کے نظام میں وہ سرگرمیاں جو غیر مسلم شرعاً انجام دے سکتا ہے:

حلال سرٹیفکیشن سسٹم میں کسی غیر مسلم کے لیے بامر مجبوری کسی مسلمان خود مختار سربراہ کے ماتحت درجِ ذیل خدمات انجام دینے کی گنجائش ہے:

1) شعبہ فنی وسائنسی تحقیق (Technical Department)

1.1 غذائی علوم کے ماہر (Food Scientist) کی خدمات:

غذائی علوم کے ماہر (Food Scientist) کے ذمے اگر کسی مصنوع یا جزو ترکیبی کے بارے میں سائنسی اور فنی تحقیق ہے، تو سائنس کی روشنی میں کسی چیز کا ذریعہ حصول بتانا، یا اس کے حصول کے مختلف مراحل (Process) کے بارے میں تحقیق ومعلومات جمع کرنے کا کام غیر مسلم فرد یا ادارہ کر سکتا ہے، بشرطیکہ وہ فرد یا ادارہ اپنے فن میں ماہر ہو اور اس کی بات یا تحقیق ورپورٹ میں کسی جھوٹ یا غلط بیانی کا خطرہ نہ ہو؛ کیونکہ یہ کام شرعی اعتبار سے معاملات کے زمرے میں آتے ہیں اور معاملات میں کسی بااعتماد غیر مسلم کی بات قابلِ قبول ہے۔ مگر یاد رہے کہ وہ اس تحقیق کی بنیاد پر حلال و حرام کا فیصلہ نہیں دے سکتا۔

1.2 لیبارٹری ٹیسٹنگ (Lab Testing)

لیبارٹری ٹیسٹ کی مختلف صورتیں:

1.2.1 لیب ٹیسٹ کے بعد خالص سائنسی وفنی رپورٹ تیار کر کے دینا ہو۔

1.2.2 لیب ٹیسٹ کے بعد خالص سائنسی وفنی رپورٹ کے ساتھ ساتھ اس کے حلال یا حرام ہونے کی تصدیق کر کے دینا۔

لٰہذا لیب ٹیسٹ کی پہلی صورت میں بوقتِ شدید ضرورت غیر مسلم فرد یا ادارہ بطورِ معاون خدمات سرانجام دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ فرد یا ادارہ اپنے فن میں ماہر ہو اور اس کی بات یا تحقیق ورپورٹ میں کسی جھوٹ یا غلط بیانی کا خطرہ نہ ہو، تاہم کسی بھی مرحلے پر مسلمانوں کے لیے فیصلہ سازی کی اہلیت نہیں رکھتا۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

2) شعبہ آڈٹ وانسپکشن (Audit Department)

2.1 تحفظِ غذاء (Food Safety) کے حوالے سے خدمات:

عرفِ عام میں فوڈ سیفٹی کا مطلب ہے "غذاء کا انسانی استعمال کے لیے محفوظ ہونا"، لیکن نظامِ حلال کی نظر میں صرف ظاہری انسانی صحت محفوظ ہونا کافی نہیں، بلکہ یہ نظام بدنِ انسانی کے ساتھ ساتھ انسانی روح کی حفاظت کو بھی یقینی بناتا ہے۔

لہٰذا فوڈ سیفٹی سے متعلق امور میں بوقتِ شدید ضرورت غیر مسلم فرد یا ادارہ بطورِ معاون خدمات سر انجام دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ فرد یا ادارہ اپنے فن میں ماہر ہو اور اس کی بات یا تحقیق ورپورٹ میں کسی جھوٹ یا غلط بیانی کا خطرہ نہ ہو، تاہم کسی بھی مرحلے پر مسلمانوں کے لیے فیصلہ سازی کی اہلیت نہیں رکھتا۔

2.2 تحفظِ معیار (Quality Control) کے حوالے سے خدمات:

کوالٹی کنٹرول کا تعلق بھی شرعی اعتبار سے معاملات کے ساتھ ہے اور معاملات میں کسی بااعتماد غیر مسلم کی بات قابلِ قبول ہے۔ لہٰذا کوالٹی کنٹرول سے متعلق امور میں بوقتِ شدید ضرورت غیر مسلم فرد یا ادارہ بطورِ معاون خدمات سر انجام دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ فرد یا ادارہ اپنے فن میں ماہر ہو اور اس کی بات یا تحقیق ورپورٹ میں کسی جھوٹ یا غلط بیانی کا خطرہ نہ ہو، تاہم کسی بھی مرحلے پر مسلمانوں کے لیے فیصلہ سازی کی اہلیت نہیں رکھتا۔

2.3 سائنسی وفنی معائنہ وجانچ کاری (Technical Audit) کے حوالے سے خدمات:

ٹیکنیکل آڈٹ مثلاً فوڈ سیفٹی یا کوالٹی کنٹرول کا آڈٹ کرنا، اس کی رپورٹ تیار کرنا وغیرہ بھی شرعی اعتبار سے معاملات کے زمرے میں آتا ہے اور معاملات میں کسی بااعتماد غیر مسلم کی بات قابلِ قبول ہے۔ لہٰذا فوڈ سیفٹی کے آڈٹ سے سے متعلق امور میں بوقتِ شدید ضرورت غیر مسلم فرد یا ادارہ بطورِ معاون خدمات سر انجام دے سکتا ہے، بشرطیکہ وہ فرد یا ادارہ اپنے فن میں ماہر ہو اور اس کی بات یا تحقیق ورپورٹ میں کسی جھوٹ یا غلط بیانی کا خطرہ نہ ہو، تاہم کسی بھی مرحلے پر مسلمانوں کے لیے فیصلہ سازی کی اہلیت نہیں رکھتا۔

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL
حلال
SANHA
PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES
PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

3) شعبہ ذیلی انتظامیہ (Administration)

حلال وحرام کے حوالے سے کسی بھی قسم کی پالیسی اور فیصلوں کے اختیار کے علاوہ دیگر انتظامی امور چھوٹے چھوٹے کام شرعی اعتبار سے معاملات کے زمرے میں آتے ہیں اور معاملات میں کسی بااعتماد غیر مسلم کی بات قابلِ قبول ہے، مثلاً ڈرائیور، آفس بوائے، چوکیدار، مالی، سیکورٹی گارڈ، کلینریا اس سے ملتے جلتے انتظامی کام کر سکتا ہے۔

حلال سرٹیفکیشن کے نظام میں وہ سرگرمیاں جو غیر مسلم شرعاً انجام نہیں دے سکتا:

حلال سرٹیفکیشن سسٹم میں کسی بھی غیر مسلم کے لیے درجِ ذیل خدمات انجام دینے کی شرعاً کوئی گنجائش نہیں:

1) شعبہ اعلیٰ انتظامیہ (Top Management & Ownership)
2) شعبہ فیصلہ سازی یعنی حلال سرٹیفکیٹ کے جاری کرنے یا نہ کرنے کا شعبہ (Decision Making Committee)
3) حلال سرٹیفکیشن کی غیر جانبدار نگرانی کا شعبہ (Impartiality Committee)
4) شعبہ شرعی تحقیق وتصدیق (Sharia Department)
5) صارفین کی راہنمائی کا شعبہ (Consumer Department)
6) شعبہ فنی وسائنسی تحقیق بطورِ سربراہ وفیصلہ ساز (Technical Department Head & Decision Maker)
7) شعبہ آڈٹ وانسپکشن بطورِ سربراہ (Head of Audit Department & Lead Auditor)

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ طویل مطالعہ وتحقیق، بحث مباحثے کے بعد ہماری شریعہ ریسرچ ٹیم اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ حلال کے نظام میں غیر مسلم فرد یا ادارے کو بطورِ معاون جن خدمات کی گنجائش نظر آئی ہے وہ ان خدمات کے لیے کسی مسلمان کی عدمِ دستیابی، اضطرار اور شدید مجبوری کے وقت ہے۔

چونکہ حلال سرٹیفکیشن کی ضرورت پیش ہی اس وقت آئی جب غیر مسلموں نے کھانے پینے کی انڈسٹری میں ایسا انقلاب برپا کیا جو کہ حلال وحرام، پاک وناپاک کے معیارات سے آزاد تھا جس نے مسلمان صارف کو انتہائی غیر محفوظ کر دیا اور اس کا بازار سے اعتماد اٹھ گیا، اسی اعتماد کی بحالی کے لیے حلال سرٹیفکیشن کا نظام قائم کیا گیا تاکہ گلوبلائزیشن اور فوڈ سائنس کی ترقی سے

Tel : + 92 (0) 21 3529 5263
Fax : + 92 (0) 21 3529 5284
E-mail : karachi@sanha.org.pk
: info@sanha.org.pk
Web : www.sanha.org.pk

HALAAL حلال SANHA PAKISTAN
الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان

SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN (PVT.) LIMITED.
Suite 101, Plot 16-C,
Zamzama Commercial Lane No. 10
Phase-V, D.H.A., Karachi, Pakistan.

اپنی حدود و قیود کے ساتھ فائدہ اٹھایا جاسکے ،؛لہٰذا جو چیز یعنی غیر مسلم کا کردار اس نظام کے قیام کی وجہ بنی، وہی سبب اس نظام کے اعتماد (Credibility) لیے سب سے بڑا خطرہ (Threat) بھی ہے۔

حلال سرٹیفکیشن کے نظام کے بارے میں مذکورہ بالا رائے کی اصولی تائید پاکستان کے مقتدر دارالافتاؤں سے جاری شدہ فتاویٰ میں بھی گئی ہے۔

نیز اس موضوع پر تفصیلی شرعی و عقلی دلائل مفتی عارف علی شاہ صاحب کی کتاب **"حلال سرٹیفکیشن شریعت کی روشنی میں"** کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے جس میں کم و بیش 400 سے زائد کتابوں اور ان میں مذکور دلائل کی روشنی میں تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

تحقیق و ترتیب اراکین شرعی شعبہ تحقیق:

SANHA Halaal Associates Pakistan

مفتی شعیب عالم

مفتی یوسف عبدالرزاق

مفتی عارف علی شاہ

مفتی احسن ظفر